# ۸۔ ہماری پانی کی ضرورت



## بتاؤ تو بھلا!








**ایسا ہوتا ہے نا!**

- کبھی کبھی ہماری آنکھ سے آنسو بہتے ہیں۔
- اِملی کو دیکھ کر منہ میں پانی بھر آتا ہے۔
- زکام ہونے پر ناک سے پانی بہنے لگتا ہے۔
- زخم ہونے پر خون نکلتا ہے۔

**اس سے کیا ظاہر ہوتا ہے؟**

آنسو، رال، ناک سے بہنے والا پانی اور خون، ان بہنے والی چیزوں میں پانی موجود ہوتا ہے۔

---



## آؤ یہ کرکے دیکھیں!





ایک چھوٹی سی ککڑی لو۔ اسے بڑوں کی موجودگی میں کدوکش پر باریک کرو۔ باریک کی ہوئی ککڑی کو طاقت سے دباؤ۔ لیموں کا ایک ٹکڑا لو۔ اسے طاقت سے نچوڑو۔

**تم نے کیا دیکھا؟** ککڑی کے باریک لچھّوں اور لیموں کے ٹکڑے سے رس نکلتا ہے۔

**اس سے کیا ظاہر ہوتا ہے؟** لیموں اور ککڑی کے رس میں بھی پانی پایا جاتا ہے۔

## • ہمیں پیاس کیوں لگتی ہے؟



ہمارے جسم کے افعال مناسب طریقے سے ہونا ضروری ہے۔ اس کے لیے ہمیں پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔

پانی کی وجہ سے خون پتلا رہتا ہے۔ پانی کی وجہ سے ہی غذا کے ٹھیک طرح ہضم ہونے میں مدد ملتی ہے۔ بے کار مادّے پیشاب کے ذریعے جسم سے باہر خارج ہوجاتے ہیں۔

جسم میں پانی کی کمی نہیں ہونا چاہیے۔ اس کے کم ہونے پر ہمیں پیاس لگتی ہے۔ انسان کی طرح ہی دوسرے جانداروں کو بھی پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔



## بتاؤ تو بھلا !

- ندی کے کنارے پانی پینے والے جانور کون سے ہیں؟
- پانی میں کون غوطہ لگا رہا ہے؟
- پانی بھر کر لے جانے والے لوگ پانی کس لیے استعمال کرنے والے ہیں؟



### پنگھٹ

اکثر گاؤں میں تالاب پر یا ندی کے کنارے گاؤں کی گائیں، بھینس، بکریاں پانی پینے کے لیے آتی ہیں۔ پنگھٹ کے پاس گھاس اور جھاڑیاں اُگی ہوتی ہیں۔ جانور پانی میں غوطہ لگاتے رہتے ہیں۔ ٹیٹری، مرغ ماہی، بگلے جیسے پرندے بھی نظر آتے ہیں۔ گاؤں کے لوگ پنگھٹ پر کپڑے دھوتے ہیں۔ گھر میں استعمال کے لیے پانی بھر کر لاتے ہیں۔



## کیا کریں گے بھلا؟

- پنگھٹ کا پانی صاف رکھنے کے لیے کچھ کرنا ہے۔



## کیا تمھیں معلوم ہے؟


لوگ پالتو جانوروں کے لیے پینے کے پانی کا انتظام کرتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ انھیں پیاس لگتی ہے۔ دوسرے ہزاروں جانور ہوتے ہیں۔ انھیں بھی پیاس لگتی ہے، کیا یہ ہم نے کبھی سوچا ہے؟



چیونٹی



شہد کی مکھّی



کیکڑا



بچھّو

چیونٹی، شہد کی مکھّی، کیکڑا، بچھّو جیسے تمام حیوانات کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔



## بتاؤ تو بھلا!

- جنگلی جانوروں کو دیکھنے کے لیے جنگل میں موجود پنگھٹ کے قریب کیوں جانا پڑتا ہے؟



جنگلی جانوروں کو بھی پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔
پیاس لگنے پر وہ پنگھٹ کے پاس آتے ہیں۔ اس لیے انھیں دیکھنے کے لیے لوگ پنگھٹ کے پاس جاتے ہیں۔

## • پانی کی اہمیت









انسان کو پینے کے لیے
تو پانی درکار ہوتا ہی ہے، لیکن
کھانا پکانے اور صاف صفائی کے لیے بھی
انسان پانی کا استعمال کرتا ہے۔ اس کے علاوہ کاشتکاری
اور کارخانوں کے لیے بھی انسان کو پانی کی
ضرورت ہوتی ہے۔ **ہماری زندگی
میں پانی کو بہت اہمیت
حاصل ہے۔**








## آ ؤ یہ کر کے دیکھیں!




- ایسے دو گملے لو جس میں ایک ہی قسم کے پودے کی مساوی نشو ونما ہوئی ہو۔
- ان گملوں کو ۱ اور ۲ نمبر دو۔
- اس کے بعد پانچ دن روزانہ گملا نمبر ۱ کے پودے کو پانی دو۔ گملا نمبر ۲ کے پودے کو پانی نہ دو۔

**تمھیں کیا نظر آئے گا؟**




- جس گملے میں پانی نہیں ڈالا گیا اس گملے نمبر ۲ کا پودا آہستہ آہستہ سوکھنے لگا۔

گملا نمبر ۱ کا پودا تازہ رہا۔

**اس سے کیا ظاہر ہوتا ہے؟**

- نباتات کو زندہ رہنے کے لیے پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔

## • نباتات کو پانی کی ضرورت



گھر کے گملوں میں لگے ہوئے پودوں کو ہم پانی دیتے ہیں۔ کھیت میں اُگی فصل کو کسان پانی دیتا ہے۔

پانی نہ ملنے پر کیا پودے زندہ رہیں گے؟

یعنی حیوانات کی طرح نباتات کو بھی پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔





## آ ؤ دماغ پر زور دیں!

- جنگل میں اُگنے والی نباتات کو بھی پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان کو پانی کہاں سے ملتا ہوگا؟

- بارش کا پانی زمین میں جذب ہوتا ہے۔ نباتات کی جڑیں بہت گہرائی تک جاتی ہیں۔ نباتات کی جڑیں زمین میں جذب شدہ پانی چوس لیتی ہیں۔



## کیا تمھیں معلوم ہے؟



پان کنس جیسی کچھ نباتات پانی ہی میں اُگ سکتی ہیں۔ انھیں زمین پر اُگانے کی کتنی بھی کوشش کی جائے لیکن وہ زمین پر زندہ نہیں رہتیں۔

کنول، سنگھاڑا، جل پرنی بھی پانی میں نشوونما پانے والی نباتات ہیں۔



## آؤ دماغ پر زور دیں!

- گرما کے موسم میں باغ کو زیادہ دیر پانی کیوں دینا پڑتا ہے؟
- گرما کے موسم میں تالاب کا پانی بہت کم کیوں ہو جاتا ہے؟



## ہم نے کیا سیکھا؟

* جانداروں کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔
* جانداروں کے جسم میں پانی پایا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے جسمانی افعال مناسب طریقے سے انجام پاتے ہیں۔
* جسم میں پانی کی کمی ہوتے ہی پیاس لگتی ہے۔
* اکثر گاؤں میں پانی بھرنے کے لیے پنگھٹ ہوتے ہیں۔ پنگھٹ کے قریب مخصوص پرندے اور نباتات نظر آتی ہیں۔
* پینے کے علاوہ ہمیں پانی صفائی، پکوان، کاشتکاری، کاروبار اور کارخانوں کے لیے درکار ہوتا ہے۔
* نباتات کو درکار پانی ان کی جڑیں زمین سے جذب کر لیتی ہیں۔



## اسے ہمیشہ ذہن میں رکھیں!

ہر ایک کی ذمہ داری ہے کہ
پنگھٹ کا پانی خراب نہ ہونے دیں۔



## مشق

### الف) کیا کریں گے بھلا؟

- گرما کے موسم میں حیوانات کو پانی کے لیے بہت بھٹکنا پڑتا ہے۔ تمھارے آس پاس پائے جانے والے جانوروں کے لیے پانی کا انتظام کرنا ہے۔

### ب) آؤ دماغ پر زور دیں!

(۱) گرما کے موسم میں ہم تربوز، ککڑی جیسے پھل زیادہ کیوں کھاتے ہیں؟

(۲) کاسی پھل کا سالن کس طرح بناتے ہیں، دیکھو۔ پکاتے وقت سالن میں پانی کہاں سے آیا؟

### ج) مختصر جواب لکھو:

(۱) ہمارے جسم میں پانی کس کس شکل میں پایا جاتا ہے؟

(۲) ہم پانی کیوں پیتے ہیں؟

(۳) گائے، بھینس، بکریاں پنگھٹ کے پاس کیوں آتے ہیں؟

(۴) یہ کس طرح معلوم ہوتا ہے کہ نباتات میں پانی پایا جاتا ہے؟

(۵) پانی مناسب مقدار میں نہ ملے تو کاشتکاری کیوں نہیں کی جاسکتی ہے؟

(۶) بڑے شہروں کو زیادہ پانی کی ضرورت کیوں ہوتی ہے؟

(۷) جنگل میں پائی جانے والی نباتات کو پانی کس طرح حاصل ہوتا ہے؟

### د) قوسین میں دیے ہوئے لفظوں کی مدد سے خالی جگہ پُر کرو:

**(غوطہ ، پالتو، اہمیت، پتلا ، جذب شدہ، جنگلی جانور)**

(۱) پانی کی وجہ سے خون ................ رہتا ہے۔

(۲) جانور پانی میں ................ لگاتے ہیں۔

(۳) لوگ ................ جانوروں کے لیے پینے کے پانی کا انتظام دھیان سے کرتے ہیں۔

(۴) ................ کو دیکھنے کے لیے جنگل میں موجود پنگھٹ کے قریب جانا پڑتا ہے۔

(۵) انسان کی زندگی میں پانی کی بہت ................ ہے۔

(۶) زمین کا ................ پانی نباتات کی جڑیں چوس لیتی ہیں۔

JHCR1H

### سرگرمی

معلوم کرو کہ تمھارے گاؤں میں پانی کا عوامی ذریعہ کن وجوہات کی بنا پر گندہ ہوتا ہے۔

***